

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | توڑ کے جوڑ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف کو جوڑ کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف تہجی کی دہرائی کروایئے اور مصوتوں کا اعادہ کروایئے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کو جوڑ کر نئے الفاظ بنائیں گے۔ بچوں کو بتایئے جس طرح حروف کو مصوتوں کے ساتھ ملائیں تو نئے الفاظ بنتے ہیں اسی طرح باقی حروف کو بھی آپس میں جوڑنے سے نئے الفاظ بنتے ہیں۔ تختہ سفید/ سیاہ پر ت + ب لکھیں بچوں کو بتایئے کہ جب ہم الفاظ بناتے ہیں تو حروف کی آدھی اشکال کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اب تختہ سفید/ سیاہ پر ت + ب لکھیں۔ بچوں سے پوچھیے کہ کیا وہ بتا سکتے ہیں اس سے کیا لفظ بنتا ہے بچوں کو بتایئے تب = ت + ب ، ت + ب = تب اسی طرح تختہ سفید/ سیاہ پر حروف لکھ کر اُن کو جوڑ کر الفاظ بنایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Spin Wheel دیا جائے گا جس میں حروف لکھیں ہوں گے بچے Wheel کو گھمائیں گے اور لفظ بتائیں گے بچے جو بھی لفظ بتائیں وہ معلّمہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھی جائیں گی بعد میں بچوں سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیں اور تختہ سفید/ سیاہ پر لکھوائیں۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 20 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حروف کو پڑھیں اور اُن کو ملا کر الفاظ کو پڑھیے اور لکھیے۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر حروف لکھے جائیں گے اور بچوں سے کہا جائے گا کہ ان کو جوڑ کر الفاظ بنایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 21 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ نمبر 21 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کو جوڑ کر الفاظ کو پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | توڑ کے جوڑ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف کو جوڑ کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف کو جوڑ کر نئے الفاظ بنانے کی دہرائی کروائیے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کو جوڑ کر الفاظ کو پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کو جوڑ کر نئے الفاظ بنائیں گے۔ بچوں کو بتائیے کہ جب ہم دو یا دو سے زیادہ حروف کو ملاتے ہیں تو الفاظ بنتے ہیں۔ حروف کے مجموعے کو الفاظ کہتے ہیں۔ یہ دو حرفی، تین حرفی، چار حرفی یا زیادہ بھی ہو سکتے ہیں۔ تختہ سفید/سیاہ پر چار حروف لکھیے ج+ا +ء+ ے۔ پھر ان کی آدھی اشکال لکھیے۔ ج+ا +ء+ ے بچوں کو بتائیے جو حرف الفاظ کے آخر میں آتے ہیں اُن کی آدھی شکل نہیں لکھی جاتی بلکہ اُن کو پوری شکل کے ساتھ ہی لکھا جاتا ہے۔ ج+ا +ء+ ے ج+ا +ء + ے<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ بتا سکتے ہیں یہ کیا لفظ بنتا ہے۔ بچوں کو حروف ایسے پڑھ کے بتائیں۔ ج کو اسے ملائیں تو جا اور ے کے اوپر ڑا لیں تو ئے بنتا ہے۔ اسی طرح یہ جائے بنے گا۔ اسی طرح حروف تختہ سفید/سیاہ پر لکھیں اور بچوں سے الفاظ بنانے کو کہیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر حروف لکھیں اور بچوں کو الفاظ کے فلیش کارڈ دیجیے بچوں سے کہیے کہ حروف کو پڑھیے اور اپنے پاس موجود الفاظ کے فلیش کارڈ میں ان حروف کا لفظ ڈھونڈیں اور سب کو دکھائیں اور لفظ کو پڑھیے۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 25 کھولنے کو کہا جائے گا اُن کو کہا جائے گا دیئے گئے توڑ کی پوری اشکال اور الفاظ لکھیے کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں اور جہاں ضرورت ہو رہنمائی کریں۔ | 20 منٹ | الفاظ فلیش کارڈز حروف فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 25 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر حروف لکھ کر اُس کے الفاظ لکھوائیے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 24 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 24 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | توڑ کے جوڑ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

<table>
<tr><th>حاصل سبق</th><th>طریقہ تدریس</th><th>وقت 40 منٹ</th><th>وسائل</th><th>جانچ</th></tr>
<tr>
<td>سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف کو جوڑ کر الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔</td>
<td>
**دہرائی:**<br>
تختہ سفید سیاہ پر حروف لکھے جائیں گے اور بچوں سے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>
**تعارف:**<br>
بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیں۔ بچوں کو بتایئے الفاظ دو حرفی تین حرفی، چار حرفی اور اس سے زیادہ بھی ہو سکتے ہیں۔ بچوں کو بتایئے کہ ہم مختلف حروف کو 'ب' کے ساتھ جوڑیں گے اور دیکھیں گے کہ کیا کیا لفظ بنتے ہیں۔ تختہ سفید پر 'ب' لکھیں اور اُس کے مختلف حروف کی آدھی اشکال لکھیے۔<br>

<br>
آدھی شکل میں لکھیں۔ ت ٹ س ج ش د ر<br>
بچوں سے کہیے آدھی اشکال کو ب سے ملایئے اور لفظ بناتے جائیں۔<br>
**مرکزی سرگرمی:**<br>
بچوں کو Mini White Board دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا تختہ سفید/سیاہ پر لکھے ہوئے حروف کی آدھی اشکال 'ب' کے ساتھ ملا کو جو نیا لفظ بنتا ہے اُس کو اپنے اپنے بورڈز پر لکھیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 26 کھولنے کو کہا جائے گا اور حروف کو 'س' کے ساتھ ملا بننے والے نئے الفاظ کو لکھنے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیئے گئے جملوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>
**اختتامیہ:**<br>
حروف کی آدھی اشکال کے فلیش کارڈز دکھا کر اُن کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>
**گھر کا کام:**<br>
کتاب صفحہ نمبر 27 کیجیے۔
</td>
<td>5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ</td>
<td>Mini White Board<br>کتاب صفحہ نمبر 26</td>
<td>بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کو جوڑ کر الفاظ کو پڑھنے اور لکھنے پر۔</td>
</tr>
</table>

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | توڑ کے جوڑ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف کو جوڑ کر الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف کو جوڑ کر نئے الفاظ بنانے کی دہرائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کو جوڑ کر الفاظ کو پڑھنے اور لکھنے پر ۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کو جوڑ کر نئے الفاظ بنائیں گے۔ بچوں کو بتایئے کہ جب ہم دو یا دو سے زیادہ حروف کو ملاتے ہیں تو الفاظ بنتے ہیں۔ حروف کے مجموعے کو الفاظ کہتے ہیں۔ یہ دو حرفی، تین حرفی، چار حرفی یا زیادہ بھی ہو سکتے ہیں۔ تختہ سفید/سیاہ پر تین حروف م + ے + ں لکھیے اب ان کی آدھی اشکال لکھیے۔ م + ے + ں    م + یہ + ں<br>اب بچوں سے پوچھیے کہ یہ کیا لفظ بنتا ہے بچوں کو حروف کو جوڑ کر پڑھنے میں مدد کریں۔ جیسے م + یہ + ں کے ساتھ میں بنتا ہے۔ اسی طرح اور بھی حروف تختہ سفید/سیاہ پر لکھتے جائیں اور بچوں کی الفاظ بنانے میں مدد کریں۔ بچوں کو باری باری تختہ سفید/سیاہ پر بلائیں اور الفاظ لکھوائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** تختہ سفید/سیاہ پر حروف کے فلیش کارڈ لگائیں۔ بورڈ کے سامنے ایک میز سیٹ کر کے اُس پر Sand Tray رکھیں۔ اب ایک بچے کو تختہ سفید/سیاہ کے پاس بلائیں اس سے کہیے کے حروف کو پڑھے اور اس سے بننے والا لفظ Sand Tray پر لکھے۔ ایک اور بچے کو بلائیں اور اس سے کہیے وہی لفظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھے۔ دونوں کو ایک دوسرے کے لفظ دیکھنے کو کہیں ایک جیسے ہیں یہ سرگرمی کلاس میں جوڑے بنوا کر کروائیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 29 کھولنے کو کہا جائے گا کہ حروف کو جوڑ کر الفاظ کو پڑھیں اور لکھیں نیچے دیئے گئے الفاظ ہوں، ہیں، میں، ہاں، میرا، میری اور میرے کو پڑھائے اور لکھایئے اور جملوں کو پڑھائی کروایئے۔ | 20 منٹ | Sand Tray<br><br>کتاب صفحہ نمبر 29 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر جملے لکھ کر اُن کی پڑھائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | توڑ کے جوڑ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ کو وَ ، ئی ، ئے ، ئیں کے ساتھ ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف کو جوڑ کر الفاظ بنانے کی دہرائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ کو وَ ، ئی ، ئے ، ئیں کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم الفاظ کو الفاظ کے ساتھ جوڑیں گے۔ اور نئے الفاظ بنائیں گے۔ جیسے بنا + وَ = بناؤ ، آ + وَ = آؤ بچوں سے ان الفاظ کو پڑھنے کو کہا جائے گا۔ الفاظ کی آوازوں پر زور دیا جائے گا۔ اُن کو بتایا جائے گا کہ آج ہم وَ، ئی، ئے، ئیں کے ساتھ مختلف الفاظ جوڑ کر نئے الفاظ بنائیں گے تختہ سفید سیاہ مختلف الفاظ لکھیں۔<br>وَ ، ئی ، ئے ، ئیں لا ، لاؤ ، لائی ، لائے ، لائیں جا ، جاؤ ، جائی ، جائے ، جائیں<br>بچوں کو ان الفاظ کو پڑھنے اور بلند خوانی کرنے کو کہیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Spin wheel دیا جائے گا جس میں باہر والے wheel میں وَ، ئی، ئے، ئیں لکھا ہوگا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ اپنی کا پیاں نکالیں Spin Wheel پر الفاظ بنائیں اور اپنی کاپی میں لکھتے جائیں سرگرمی کی دوران بچوں کے کام کی نگرانی اور رہنمائی کریں۔<br>بچوں کو صفحہ نمبر 50 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو کہا جائے گا کہ الفاظ کو خوشخط لکھیں اور نیچے دیئے گئے الفاظ کو وَ، ئی، ئے، ئیں کے ساتھ جوڑ کر لکھیے بچوں کو مقررہ وقت دیا جائے گا اور نگرانی کی جائے گی۔ | 20 منٹ | Spin Wheel<br>منا، چلا، پکا، لا، جا، آ، وَ، ئی، ئے، ئیں<br>کتاب صفحہ نمبر 50 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر وَ، ئی، ئے، ئیں لکھ کر الفاظ دیئے جائیں گے بچے اس سے مزید الفاظ بنائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 28 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 28 | |